Fikr-o-Nasar (Islamabad) 13:7 (1976)
© rasailojaraid.com

# امورِ عالمِ اسلام

○ —— محمود احمد غازی

**جدہ** اسلامی سیکریٹریٹ کے نئے سیکریٹری جنرل ڈاکٹر احمدو کریم گایا نے اپنا عہدہ سنبھال لیا ہے۔ اس سے قبل مصر کے جناب حسن التہامی اس منصب پر فائز تھے۔ ان کی مدت تقرری حال ہی میں ختم ہوئی ہے۔ ڈاکٹر کریم گایا کو اسلامی وزرائے خارجہ کی کانفرنس منعقدہ اگست ۱۹۷۵ء (جدہ) ہی میں بطور سیکریٹری جنرل منتخب کر لیا گیا تھا۔ ڈاکٹر کریم گایا اس سے قبل سینی گال کے وزیر خارجہ تھے اور فروری ۱۹۷۴ء میں لاہور میں منعقد ہونے والی اسلامی سربراہی کانفرنس میں بھی شریک ہوئے تھے۔ اُن کی عمر تقریباً ۴۲ سال ہے اور وہ معاشیات میں ڈاکٹریٹ کی ڈگری رکھنے کے علاوہ وسیع انتظامی صلاحیت اور ثقافتی تجربہ رکھتے ہیں۔ وہ سینی گال کی اقتصادی ترقیات اور منصوبہ بندی کونسل کے صدر، وزیر تعلیم، وزیر ٹیکنالوجی، وزیر دیہی معاشیات، وزیر مسلح افواج اور وزیر امور خارجہ کے مناصب پر فائز رہ چکے ہیں۔ اب انہوں نے اسلامی سیکریٹریٹ کے انتظامی سربراہ کا اہم ترین منصب سنبھالا ہے۔ اُمید ہے کہ وہ اس بین الاقوامی مسلم دائرے کو فرزندانِ توحید اور اسلامی ممالک کی خواہشات و توقعات کے مطابق چلانے میں کامیاب ثابت ہوں گے۔ ڈاکٹر کریم گایا کی اس تقرری سے براعظم افریقہ کی مسلم اقوام میں ملی اسلامی جذبات کو مزید نمایاں کرنے اور افریقی اسلامی ممالک میں اسلامی سیکریٹریٹ کے معاملہ میں کامل احساس اشتراک پیدا کرنے میں بڑی مدد ملے گی۔

**امریکا** ریاست ہائے متحدہ امریکا اور کینیڈا کی اسلامی تنظیموں کے وفاق (ایف۔ آئی۔ اے) کا سالانہ اجلاس اکتوبر کی ۲۴، ۲۵، ۲۶ تاریخوں میں امریکا کی ریاست اوھیو کے شہر ٹولیڈو میں منعقد ہوا۔ اس اجلاس میں شمالی امریکا کے تقریباً تمام ممالک سے آنے والے چار سو مندوبین نے شرکت کی۔ اجلاس میں بہت سے دلچسپ اور مفید موضوعات پر مقالات پڑھے گئے جن میں امریکا کے حالات میں اسلام اور مسلمانوں اور خاص طور پر مسلمان طلبہ اور بچوں کے مسائل پر بحث کی گئی۔ اجلاس

میں کئی قرار دادیں بھی منظور کی گئیں جن میں یہودیوں کی ان ناپاک کوششوں کی مذمت اور اُن پر اظہارِ افسوس کیا گیا جو وہ مقاماتِ مقدسہ کی تہوید (JUDAIZATION) کے لئے کر رہے ہیں۔ ایک اور قرار داد میں فلسطینیوں کے جائز حقوق کی حمایت کا اعلان کیا گیا۔ ایک تیسری قرار داد میں اریٹریا، چاڈ، فلپائن اور دوسرے ممالک میں اپنی آزادی کے لئے جدوجہد کرنے والے مسلمانوں کی مکمل حمایت کا اعلان کیا گیا۔

**برازیل** | برازیل کے شہر لونڈرینا میں شاہ فیصل شہید کے نام سے ایک جامع مسجد جامع الملک فیصل کا افتتاح کیا گیا۔ اس ضمن میں ایک پُر شکوہ تقریب منعقد کی گئی جس کا اہتمام برازیل کی اسلامک ویلفیر سوسائٹی نے کیا تھا۔ تقریب میں برازیل کے مسلمانوں کے علاوہ عمائدینِ شہر اور اعلیٰ حکام نے بھی شرکت کی۔ صوبہ کے گورنر کی نمائندگی ریاست باران کے نائب گورنر نے کی۔ اور اس میں متعدد اسلامی سفارت خانوں کے نمائندے بھی موجود تھے۔ مسجد کے مختلف دروازوں پر لگے ہوئے فیتوں کو کاٹنے کی رسم مختلف شخصیات نے انجام دی۔ مسجد کے افتتاح کے بعد ملحقہ میدان میں ایک بڑی سماعت گاہ کا سنگِ بنیاد بھی رکھا گیا۔ آخر میں اسلامک ویلفیر سوسائٹی کی طرف سے ایک پُر تکلف ضیافت دی گئی جس میں حکومت برازیل کے اعلیٰ سول اور فوجی حکام، مسلم باشندگانِ لونڈرینا اور عمائدینِ شہر کے علاوہ مسلم ممالک کے بعض سفارتی نمائندوں اور رابطہ عالمِ اسلامی کے ارکان نے شرکت کی۔

**سعودی عرب** | جلالۃ الملک شاہ خالد بن عبدالعزیز نے دنیا بھر کے مسلمانوں کے نام ایک پیغام جاری کیا ہے جس میں انہوں نے مسلمانوں کو قرآن مجید کے اصولوں اور رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے اسوۂ حسنہ پر کامل ایمان سے عمل پیرا ہونے کی تلقین کی ہے۔ انہوں نے اپنے بیان میں قرآن مجید کی بہت سی آیات کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ دکھ اور سکھ اللہ کی طرف سے آزمائش کی حیثیت رکھتے ہیں، ان آزمائشوں میں کامیابی کا واحد راستہ اللہ کے دین پر مضبوطی سے قائم رہنا ہے۔ اس کے لئے ضروری ہے کہ مسلمان ہر نیک کام میں ایک دوسرے سے تعاون کریں، ایک دوسرے کو سچائی کی راہ اختیار کرنے اور صبر سے اس پر قائم رہنے کی نصیحت کریں۔ انہوں نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے ارشاد کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ اگر لوگ برائی کو ہوتا ہوا دیکھیں اور اس کو روکنے کی تدبیر نہ کریں تو قریب ہے کہ اللہ تعالےٰ سب کو اپنے عذاب کی گرفت میں لے لے۔

---

© rasailojaraid.com